**28.03.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ آسیہ میمونہ

**Music**

-------------------------------

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے اترپردیش کے گوتم بدھ نگر ضلع کے جیور میں واقع نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈے کے پہلے مرحلے کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ہوائی اڈہ مغربی اترپردیش کے کسانوں، چھوٹے اور اوسط درجے کے کاروباریوں اور نوجوانوں کیلئے بہت سے نئے مواقع لے کر آئے گا۔

☆ اِنڈیگو کی ایک پرواز نے انجن میں خرابی کے سبب دلّی ہوائی اڈے پر ایمرجنسی لینڈنگ کی۔

☆ نیپال کے سابق وزیراعظم کے پی شرما اولی کو Gen-Z احتجاج کے دوران کارروائی کیلئے گرفتار کیا گیا ہے۔

☆ یمن کے حوثی باغی، اسرائیل پر پہلے میزائل حملے کے ساتھ مغربی ایشیاء تنازع میں شامل ہوگئے ہیں۔

☆ اور، IPL کرکٹ کا 19 واں ایڈیشن آج شام بینگلورو میں شروع ہورہا ہے۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-NOIDA AIRPORT**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے آج اتر پردیش میں گوتم بدھ نگر ضلع کے Jewar میں نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈے کے پہلے مرحلے کا افتتاح کیا۔ انہوں نے 40 ایکڑ پر محیط رکھ رکھاؤ، مرمت اور Overhauling کی سہولت کا سنگِ بنیاد بھی رکھا۔ اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ ''وِکست یوپی، وِکست بھارت'' مہم کیلئے ایک نیا باب ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اِس ہوائی اڈے سے آگرہ، متھرا، علی گڑھ، غازی آباد، اٹاوہ اور فرید آباد سمیت مغربی اتر پردیش کے کئی ضلعوں کو فائدہ ہوگا۔ وزیرِ اعظم مودی نے کہا کہ اِس ہوائی اڈے سے مغربی اترپردیش کے کسانوں، چھوٹے اور

درمیانے درجے کی صنعتوں اور نوجوانوں کیلئے بہت سے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ انہوں نے اِس امید کا اظہار کیا کہ Jewar ہوائی اڈہ، اتر پردیش کی ترقی کی علامت بھی بنے گا۔

**SB - 1400 PM Viksit Bhart**

وزیرِ اعظم نے کہا کہ اترپردیش اب بھارت میں سب سے زیادہ بین الاقوامی ہوائی اڈوں والی ریاستوں میں سے ایک بن گئی ہے۔

**SB - 1400 - PM All Project**

نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈہ، ملک کے سب سے بڑے گرین فیلڈ ہوائی اڈہ پروجیکٹوں میں سے ایک ہے۔ اس کے پہلے مرحلے کو تقریباً 11 ہزار 200 کروڑ روپے کی لاگت سے سرکاری - نجی ساجھیداری ماڈل کے تحت تیار کیا گیا ہے۔ ابتداء میں، اس ہوائی اڈے میں سالانہ ایک کروڑ 20 لاکھ مسافروں کو سنبھالنے کی صلاحیت ہوگی، جو بعد میں پوری طرح تیار ہونے کے بعد یہ صلاحیت بڑھ کر 7 کروڑ سالانہ ہوجائے گی۔ اس موقع پر اترپردیش کی گورنر آنندی بین پٹیل، وزیرِ اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ، شہری ہوا بازی کے وزیر کے رام موہن نائیڈو اور دیگر رہنما موجود تھے۔x

## PM-MANN KI BAAT

وزیرِ اعظم نریندر مودی کل دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر 'مَن کی بات' پروگرام میں، ملک اور بیرونِ ملک کے لوگوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ اُن کا 132واں ماہانہ ریڈیو پروگرام ہوگا۔ اِس پروگرام کو پورے آکاشوانی اور دور درشن نیٹ ورک، AIR نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن AIR موبائل ایپ پر نشر کیا جائے گا۔ اِسے AIR نیوز، ڈی ڈی نیوز، PMO اور اطلاعات و نشریات کی وزارت کے یو ٹیوب چینلوں پر بھی براہ راست نشر کیا جائے گا۔ آکاشوانی اِس پروگرام کو ہندی نشریے کے فوراً بعد علاقائی زبانوں میں نشر کرے گا۔x

## DELHI AIRPORT-EMERGENCY

دلّی آنے والی اِنڈیگو کی ایک پرواز نے آج صبح اندراگاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈے پر ہنگامی لینڈنگ کی، جس کی وجہ ایک انجن میں خرابی کا شبہ تھا۔ یہ پرواز وشاکھاپٹنم سے دلّی آرہی تھی اور اِس میں 161 مسافر سوار تھے۔ شہری ہوابازی کی وزارت کے مطابق صبح 10 بجکر 39 منٹ پر ہوائی اڈے پر مکمل ایمرجنسی نافذ کردی گئی۔ وزارت نے مزید بتایا کہ طیارہ صبح 10 بجکر 54 منٹ پر بحفاظت لینڈ کر گیا اور اب ہوائی اڈے پر حسب معمول کام کاج جاری ہے۔ دلّی فائر سروس کے مطابق اطلاع ملتے ہی آگ بجھانے والی گاڑیاں فوری طور پر روانہ کردی گئی تھیں۔ حکام نے بتایا کہ طیارہ محفوظ طریقے سے اُتر گیا اور کسی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔x

**GOYAL WTO MEETING**

تجارت و صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ عالمی تجارتی تنظیم WTO میں Uruguay راؤنڈ کے دوران پیدا ہوئے عدم توازن کو حل کرنے کیلئے تبادلہ خیال کیا جانا چاہیئے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ تمام رُکن ممالک کو پیداواری صلاحیت بڑھانے، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور عالمی تجارت میں حصہ لینے کا منصفانہ موقع ملنا چاہیئے۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ کثیر جہتی تجارتی نظام کو یقینی بنانا چاہیئے کہ جدت طرازی، ترقی اور مواقع تمام رکن ممالک کے درمیان یکساں طور پر تقسیم ہوں۔ انہوں نے تعمیری انداز میں اس میں حصہ لینے کے بھارت کے عزم کو دہرایا، تا کہ عالمی تجارتی تنظیم WTO عالمی تجارت میں مرکزی رول ادا کرتا رہے۔

جناب گوئل نے یہ بات Cameroon میں عالمی تجارتی تنظیم کی چودھویں وزارتی کانفرنس کے ایک وزارتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی، جہاں انہوں نے امریکہ کے تجارت سے متعلق نمائندے Jamieson Greer سمیت کئی عالمی لیڈروں سے بھی ملاقات کی۔ جناب گوئل نے کینیڈا کے بین الاقوامی تجارت کے وزیر منندر سدھو سے بھی ملاقات کی اور بھارت - کینیڈا جامع اقتصادی شراکت داری معاہدہ CEPA پر جاری مذاکرات کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اس کے علاوہ انہوں نے دو طرفہ تجارت اور اقتصادی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے طور طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔x

**NEPAL PM THANKS MODI**

نیپال کے نئے وزیرِ اعظم بالندر شاہ نے مبارکبادی کے پیغام کیلئے وزیرِ اعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کیا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان کثیر رخی تعلقات مزید مستحکم ہوں گے۔ جناب بالندر شاہ نے کہا ہے کہ وہ دونوں ملکوں کے عوام کی خوشحالی اور تعلقات کو مستحکم کرنے کی غرض سے بھارت کے ساتھ مل کر کام کرنے کے خواہشمند ہیں۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے راشٹریہ سوتنتر پارٹی کے سربراہ بالندر شاہ کو نیپال کے وزیرِ اعظم کے طور پر حلف دلائے جانے کے بعد ان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا تھا۔x

**NEPAL OLI ARREST**

نیپال کے سابق وزیرِ اعظم کے پی شرما اولی کو آج گرفتار کرلیا گیا۔ انہیں گذشتہ سال Gen Z کے مظاہروں کے خلاف کارروائی کے سلسلے میں گرفتار کیا گیا ہے۔ یہ کارروائی بالندر شاہ کی نوتشکیل شدہ سرکار کی جانب سے Gen Z احتجاج سے متعلق انکوائری کمیشن کی رپورٹ کے نفاذ کے ایک دن بعد کی گئی ہے۔ Oli کو، جو CPM-UML کے صدر نشین بھی ہیں، کاٹھمنڈو کے 12 کلومیٹر مشرق میں واقع Bhaktapur ضلع کے Gundu علاقے سے گرفتار کیا گیا۔

سابق وزیرِ داخلہ اور نیپالی کانگریس کے رہنما رمیش Lekhak کو بھی Bhaktapur ضلع میں

Suryabinayak میونسپلٹی کے Katunje میں اُن کی رہائش گاہ سے گرفتار کیا گیا۔ x

## IRAN-ISRAEL YEMEN

مغربی ایشیاء میں علاقائی تنازع شدت اختیار کر گیا ہے، کیونکہ یمن کے حوثی باغیوں نے، جو 2014 سے راجدھانی صنعا پر قابض ہیں، باضابطہ طور پر جنگ میں شامل ہوتے ہوئے آج صبح اسرائیل پر اپنا پہلا میزائل حملہ کیا ہے۔ یہ کشیدگی اُس وقت بڑھی ہے جب کل رات ایران اور حزب اللہ نے ایک دوسرے پر شدید حملے کئے، جس کے سبب Beersheba اور اسرائیل کے اہم نیوکلیائی تحقیقی مرکز کے نواح میں تین الگ الگ موقعوں پر سائرن بجے۔ حوثیوں نے اس سے قبل سعودی عرب کے ساتھ طویل مدتی جنگ بندی کی وجہ سے براہ راست مداخلت کرنے سے گریز کیا تھا۔ حوثی فوجی ترجمان نے ایران کی حمایت کیلئے منصوبوں کا خاکہ پیش کیا ہے۔ بحیرہ احمر میں جہازوں پر حوثی ڈرون حملوں نے عالمی تجارت کو سالانہ تقریباً ایک کھرب امریکی ڈالر کا نقصان پہنچایا ہے۔

جوابی کارروائیوں کے تحت اسرائیل نے ایران کے جوہری مراکز کو نشانہ بنایا، جس پر تہران نے انتقام لینے کا عزم ظاہر کیا ہے۔ اس کے بعد ایران نے سعودی عرب میں پرنس سلطان ایئربیس پر ایندھن بھرنے والے طیاروں کو نقصان پہنچایا۔ اطلاعات کے مطابق سٹیلائٹ تصاویر بھی سامنے آئی ہیں، جن میں طیاروں کو پہنچنے والے نقصان کا اندازہ ہوتا ہے۔x

## IRAN-ISRAEL HEAVY PRICE

ایران کے وزیر خارجہ عباس عراغچی نے خبردار کیا ہے کہ ایران میں اہم مقامات پر اسرائیل کے فضائی حملوں کے بعد، اسرائیل کو بھاری قیمت چکانی پڑے گی، جس سے مغربی ایشیاء میں کشیدگی میں مزید اضافہ ہوگیا ہے۔ اسرائیلی فوج نے تصدیق کی ہے کہ اس کی فضائیہ نےArak کے نزدیک واقع Khondab ہیوی واٹر کمپلیکس اور Yazd میں یورونیم افزودگی مرکز کو نشانہ بنایا۔ Yazd کے مرکز کو یورونیم افزودگی کیلئے اہم سمجھا جاتا ہے۔ ایران کی ایٹمی توانائی تنظیم نے حملوں کی تصدیق کی ہے، تاہم کہا ہے کہ کوئی جانی نقصان یا تابکاری کا اخراج نہیں ہوا ہے۔ ایران نے یہ بھی بتایا کہ اصفہان میں واقع دو بڑے اسٹیل پلانٹس Khuzestan اسٹیل پلانٹ اور Mobarakeh کو بھی نشانہ بنایا گیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر عباس عراغچی نے کہا کہ اسرائیل نے اہم صنعتی اور توانائی کے مراکز کو نشانہ بنایا ہے، جن میں اسٹیل فیکٹریاں اور ایک پاور پلانٹ شامل ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ ایران اس کا مؤثر جواب دے گا۔ ایران کی فوج نے یہ بھی خبردار کیا کہ امریکہ اور اسرائیل توانائی کی تنصیبات کو نشانہ بنا کر آگ سے کھیل رہے ہیں، جس سے خطے میں مزید کشیدگی کا خطرہ پیدا ہوگیا ہے۔x

**VP-JHARKHAND VISIT**

نائب صدرِ جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن جھارکھنڈ کے ایک دن کے دورے پر ہیں۔ وہ آج صبح Khunti میں واقع Ulihatu گاؤں پہنچے، جہاں بھگوان برسا مُنڈا کی جائے پیدائش پر اُن کا روایتی انداز میں شاندار خیرمقدم کیا گیا۔ نائب صدرِ جمہوریہ نے بھگوان برسا مُنڈا کے مجسمے پر گلہائے عقیدت نذر کئے۔ وہ بعد میں ریاستی راجدھانی میں مہمانِ خصوصی کے طور پر IIM رانچی کی 15ویں تقسیمِ اسناد تقریب میں شرکت کریں گے۔x

**IPL-CRICKET**

19 وِیں انڈین پریمئر لیگ IPL کا، آج شام بنگلورو میں آغاز ہوگا۔ پہلا میچ ایم Chinnaswamy اسٹیڈئم میں دفاعی چیمپئن رائل چیلنجرس بنگلورو اور سن رائزرس حیدرآباد کے درمیان کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق آج شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔ دو ماہ تک جاری رہنے والا ٹورنامنٹ 31 مئی کو اختتام پذیر ہوگا۔ رائل چیلنجرس بینگلورو اپنے نئے کپتان رجت Patidar کی قیادت میں اپنے خطاب کے دفاع کیلئے اترے گی، جبکہ سن رائزرس حیدرآباد کے کپتان ایشان کشن ہوں گے، جنھوں نے آسٹریلیا کے Pat Cummins کو چوٹ لگنے کے بعد کپتانی سنبھالی ہے۔

بھارتی کرکٹ کنٹرول بورڈ نے روایتی افتتاحی تقریب منسوخ کردی ہے۔ یہ فیصلہ گزشتہ برس جون میں رائل چیلنجرس بنگلورو کی خطابی جیت کے جشن کے دوران اسٹیڈیم کے باہر بھگدڑ کے واقعے میں جان گنوانے والے 11 شائقین کے احترام میں کیا گیا ہے۔ حکام نے یہ بھی اعلان کیا ہے کہ اِن افراد کی یاد میں اِس سیزن میں اسٹیڈیم کی 11 سیٹیں خالی رہیں گی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆